Cambridge International A Level

**Cambridge Assessment International Education**
Cambridge International Advanced Level

**URDU** | **9686/04**

Paper 4 Texts | **October/November 2019**

**2 hours 30 minutes**

Additional Materials: Answer Booklet/Paper

**Invigilators must refer to the Additional Materials List for instructions on the use of set texts in the examination.**

*3871362924*

## READ THESE INSTRUCTIONS FIRST

If you have been given an Answer Booklet, follow the instructions on the front cover of the Booklet.
Write your centre number, candidate number and name on all the work you hand in.
Write in dark blue or black pen.
Do not use staples, paper clips, glue or correction fluid.
DO **NOT** WRITE IN ANY BARCODES.

Answer any **three** questions, each on a different text. You must choose **one** question from Section 1, **one** from Section 2 and **one** other. Write your chosen question numbers clearly in **English**.
Write your answers in **Urdu** on the separate answer paper provided.
You should write between 500 and 600 words for each answer.
Dictionaries are **not** permitted.
You are advised to divide your time equally between your answers.

At the end of the examination, fasten all your work securely together.
All questions in this paper carry equal marks.

**سب سے پہلے مندرجہ ذیل ہدایات پڑھیے**

اگر آپ کو جوابی پرچہ مہیا کیا گیا ہے تو سرورق پر دی گئی ہدایات پر عمل کیجیے۔

اپنا نام سنٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر جوابی پرچے پر لکھیے۔

گہرے نیلے یا کالے رنگ کے قلم سے لکھیے۔

اسٹیپل، پیپر کلپ، ہائی لائیٹر، گوند، کریکشن فلوئڈ کا استعمال مت کیجیے۔

کسی بھی بار کوڈ پر کچھ نہ لکھیے۔

کوئی سے تین سوالوں کے جواب دیجیے لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف ٹیکسٹ سے ہونا چاہیے۔
آپ کے لیے پہلے اور دوسرے حصے میں سے ایک ایک سوال کا جواب دینا لازمی ہے جبکہ تیسرا سوال کسی بھی حصے سے منتخب کیا جا سکتا ہے۔ اپنے منتخب کیے ہوئے سوالوں کے نمبر واضح طور پر **انگریزی** میں لکھیے۔

اپنے جوابات مہیا کیے گئے جوابی پرچے میں **اردو** میں لکھیے۔

آپ کا ہر جواب 500 سے 600 الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیے۔

لغت (ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

آپ کو اپنے جوابات کے درمیان یکساں طور پر اپنے وقت کو تقسیم کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔

امتحان کے آخر میں تمام جوابی پرچوں کو ایک دوسرے کے ساتھ مضبوطی سے نتھی کر دیجیے۔

اس پرچے میں دیے گئے تمام سوالوں کے مارکس مساوی ہیں۔

This document consists of **5** printed pages and **3** blank pages.

DC (RW/SW) 165776/3
© UCLES 2019

Cambridge Assessment International Education

کوئی سے **تین** سوالوں کے جواب دیجیے لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف ٹیکسٹ سے ہونا چاہیے۔ آپ کے لیے پہلے اور دوسرے حصے میں سے ایک ایک سوال کا جواب دینا لازمی ہے جبکہ تیسرا سوال کسی بھی حصے سے منتخب کیا جا سکتا ہے۔

## پہلا حصہ

**1** غزلیں

سوال **(a)** اور سوال **(b)** میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

**(a)**

سن تو سہی جہاں میں ہے تیرا فسانہ کیا
کہتی ہے تجھ کو خلق خدا غائبانہ کیا
چاروں طرف سے صورت جاناں ہو جلوہ گر
دل صاف ہو ترا ، تو ہے آئینہ خانہ کیا
صیاد! اسیر دام رگ گل ہے عندلیب
دکھلا رہا ہے چھپ کے ، اسے دام و دانہ کیا
طبل و علم نہ پاس ہے اپنے ، نہ ملک و مال
ہم سے خلاف ہو کے ، کرے گا زمانہ کیا
آتی ہے کس طرح سے مری قبض روح کو
دیکھوں تو موت ڈھونڈ رہی ہے بہانہ کیا (آتش)

**(i)** مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

**(ii)** یہ غزل کس حد تک آتش کی شاعری کے فلسفیانہ پہلو کی عکاسی کرتی ہے؟ تبصرہ کیجیے۔

یا

**(b)** خواجہ میر درد نے شاعری کے دامن میں تصوف کے پھول کھلائے۔ اشعار کے حوالے سے تبصرہ کیجیے۔

**2** نظمیں

سوال **(a)** اور سوال **(b)** میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

**(a)**

یاں زہر دے تو زہر لے شکر میں شکر دیکھ لے
نیکوں کو نیکی کا مزہ موذی کو ٹکر دیکھ لے
موتی دیے موتی ملیں پتھر میں پتھر دیکھ لے
گر تجھ کو یہ باور نہیں تو تو بھی کر کر دیکھ لے
کل جگ نہیں کر جگ ہے یہ یاں دن کو دے اور رات لے
کیا خوب سودا نقد ہے اس ہات دے اس ہات لے
اپنے نفع کے واسطے مت اور کا نقصان کر
تیرا بھی نقصان ہووے گا اس بات اوپر دھیان کر
کھانا جو کھا تو دیکھ کر پانی پیے تو چھان کر
یاں پانوں کو رکھ پھونک کر اور خوف سے گزران کر
کل جگ نہیں کر جگ ہے یہ یاں دن کو دے اور رات لے
کیا خوب سودا نقد ہے اس ہات دے اس ہات لے (نظیر)

**(i)** مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

**(ii)** اس نظم میں نظیر کی شاعری کے کون سے مخصوص انداز نمایاں ہیں؟ اپنا جواب تفصیل سے لکھیے۔

یا

**(b)** اقبال نے اپنی شاعری کے ذریعے ایک عظیم ذہنی انقلاب برپا کر دیا۔ اشعار کے حوالے سے بحث کیجیے۔

3 نظمیں

سوال (a) اور سوال (b) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

(a)

سمٹی جو گھٹا ، تاریکی میں چاندی کے سفینے لے کے چلا
سنکی جو ہوا ، تو بادل کے گرداب میں غوطے کھانے لگا
غرفوں سے جھانکا گردوں کے، امواج کی نبضیں تیز ہوئیں
حلقوں میں جو دوڑا بادل کے ، کہسار کا سر چکرانے لگا
پردہ جو اٹھایا بادل کا ، دریا پہ تبسم دوڑ گیا
چلمن جو گرائی بدلی کی ، میدان کا دل گھبرانے لگا
ابھرا تو تجلی دوڑ گئی ، ڈوبا ، تو فلک بے نور ہوا
الجھا ، تو سیاہی دوڑا دی ، سلجھا تو ضیا برسانے لگا
کیا کاوش نور و ظلمت ہے ، کیا قید ہے، کیا آزادی ہے
انساں کی تڑپتی فطرت کا ، مفہوم سمجھ میں آنے لگا (جوش)

(i) مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

(ii) جوش کو قادر الکلام شاعر کہا جاتا ہے۔ اس بیان کی روشنی میں نظم بدلی کا چاند پر تفصیل سے تبصرہ کیجیے۔

یا

(b) ن۔م۔ راشد کی شاعری میں حقیقت پسندی نظر آتی ہے۔ اس بارے میں اپنے خیالات کا اظہار نصاب میں شامل راشد کی نظموں سے کیجیے۔

## دوسرا حصہ

**4** امراؤجان ادا، مرزا ہادی رسوا

سوال (a) اور سوال (b) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

**(a)** کیا ایک طوائف بھی اخلاقی قدروں کی حامل ہو سکتی ہے؟ ناول امراؤجان ادا کے حوالے سے اپنا جواب تفصیل سے لکھیے۔

یا

**(b)** امراؤجان ادا کو دولت اور شہرت تو بہت ملی مگر سچا پیار نہ مل سکا۔ تبصرہ کیجیے۔

**5** افسانے

سوال (a) اور سوال (b) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

**(a)** کیا منٹو نے ٹوبہ ٹیک سنگھ میں اکثریت کے جذبات کی ترجمانی کی ہے؟ تبصرہ کیجیے۔

یا

**(b)** افسانہ گرم کوٹ کا تجزیہ کرتے ہوئے بتائیے کہ یہ افسانہ کیوں اس قدر مقبول ہوا؟

**6** انارکلی، امتیاز علی تاج

سوال (a) اور سوال (b) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

**(a)** انارکلی میں اکبر کو ایک خود غرض انسان دکھایا گیا ہے۔ آپ اس بیان سے کس حد تک اتفاق کرتے ہیں۔ تفصیل سے لکھیے۔

یا

**(b)** انارکلی کو محبت کے جرم سے زیادہ سلطنت پر قبضے کے ارادے کی وجہ سے سزا ملی۔ اس بارے میں اپنے خیالات کا اظہار تفصیل سے کیجیے۔

© UCLES 2019

**BLANK PAGE**

© UCLES 2019 

**BLANK PAGE**

© UCLES 2019

**BLANK PAGE**

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

To avoid the issue of disclosure of answer-related information to candidates, all copyright acknowledgements are reproduced online in the Cambridge Assessment International Education Copyright Acknowledgements Booklet. This is produced for each series of examinations and is freely available to download at www.cambridgeinternational.org after the live examination series.

Cambridge Assessment International Education is part of the Cambridge Assessment Group. Cambridge Assessment is the brand name of the University of Cambridge Local Examinations Syndicate (UCLES), which itself is a department of the University of Cambridge.